30-12-2025 TUESDAY URDU NEWS BULEETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راو نے تلنگانہ محکمہ سیاحت کو ملک بھر میں ایک بہتر پالیسی کے ساتھ سیاحوں کو راغب کرنے کے اقدامات کرنے پر دیا زور۔

......ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ اکریڈیشن کارڈ اور میڈیا کارڈ کے درمیان کوئی فرق نہیں ہوگا۔جی او میں تبدیلی کرنے کا ریاستی وزیر نے کیا اعلان۔

......ڈی جی پی شیودھر ریڈی نے کہا کہ ملک بھر میں تلنگانہ پولیسنگ کو پہلا مقام حاصل ہے۔

......محکمہ موسمیات نے کہا کہ آئندہ دودنوں کے دوران بعض مقامات پر اقل ترین درجہ حررات معمول سے تین تا چار ڈگری کم ریکارڈ ہونے کے امکانات ہیں۔

JUPPALLY INSTRACTION

آج تارامتی بارہ دری میں تلنگانہ کے محکمہ سیاحت کے ادارے۔ٹی جی ٹی ڈی سی۔کی جانب سے ٹورازم اینڈ ایٹس ویژن۔2026۔کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔اس اجلاس میں ریاستی وزیر سیاحت جوپلی کرشنا راو نے شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے ٹیبل کیلنڈر 2026 کو جاری کیا۔اس موقع پر ریاستی وزیر نے محکمہ سیاحت کی جانب سے سیاحوں کو راغب کرنے کے لئے بین الاقوامی سطح کے پالیسیوں کے ساتھ بہتر سیاحتی سہولتیں فراہم کرنے پر زور دیا۔

DGP SHIVDHAR REDDY

تلنگانہ کے ڈی جی پی شیودھر ریڈی نے محکمہ پولیس کی سالانہ رپورٹ 2025 کو آج جاری کیا۔اس موقع پر ڈی جی پی شیودھر ریڈی نے کہا کہ ملک بھر میں تلنگانہ پولیسنگ کو پہلا مقام حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ اس سال جرائم کے واقعات میں 2.33 فیصد کی کمی ہوئی ہے۔اس سال 509 ماوسٹوں نے خودسپردگی اختیار کرلی ہے۔اس میں تلنگانہ سے تعلق رکھنے والے 23 ماوسٹ شامل ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ریاست میں پنچایت انتخابات پرامن طریقے سے کامیابی کے ساتھ مکمل کرلئے گئے ہیں۔گلوبل سمٹ۔اور عالمی شہرت یافتہ فٹبالر میسی

کے پروگراموں کو بھی کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا گیا۔

Byte DGP

MINSTER POGULETI SRINIVAS REDDY

ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ اکریڈیشن کارڈ اور میڈیا کارڈ کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے اکریڈیشن کارڈ ہولڈرس کو جو سہولیات ستیاب ہوتی ہیں وہی سہولیات میڈیا کارڈ والوں کو بھی دستیاب ہوں گی۔انہوں نے اس سلسلے میں ڈیسک جرنلسٹوں کو کوئی بھی شک وشبہات نہ رکھنے پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ جی او252 میں تبدیل کرتے ہوئے اس کو تحریری طور پر دیا جائے گا۔ریاستی وزیر نے آج سکریٹریٹ میں ٹی ڈبلیو جے ایف ڈیسک جرنلسٹس فیڈریشن آف تلنگانہ کے قائدین کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں بڑے پیمانے پر اکریڈیشن کارڈ جاری کئے جارہے ہیں۔ایسی مثال ملک کے کسی بھی ریاست میں نہیں ملتی ہے۔

BHATTI

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا نے کل اسمبلی کے میٹنگ ہال میں ریاستی وزیر سریدھر بابو اور عہدیداروں کے ساتھ اجلاس منعقد کیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اسمبلی اور قانون ساز کونسل میں ارکان کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کے جوابات دینے کی ذمہ داری وزیر اعلی اور ریاستی وزراء پر عائد ہوتی ہے۔انہوں نے اجلاس کے موقع پر عہدیداروں کو چوکس رہنے کی ہدایت دی۔نائب وزیر اعلی نے اجلاس کے موقع پر شفاف اور تیزی کے ساتھ ریاستی وزراء اور ارکان کو اطلاعات فراہم کرنے کی بھی ہدایت دی۔

TUMMALA

ریاستی وزیر تمملا ناگیشورراو نے کل سکریٹریٹ میں ضلع کلکٹرس کے ساتھ ایک ویڈیو کانفرنس منعقد کی۔اس موقع پر انہوں نے یوریا کی سربراہی میں کسانوں کو کوئی پریشانی نہ ہونے کے اقدامات کرنے کلکٹرس کو ہدایت دی۔ریاستی وزیر نے کہا کہ ربیع سیزن کے لئے ریاست میں یوریا کا وافر ذخیرہ موجود ہے۔اور اس یوریا کو پورے شفاف طریقے سے کسانوں کو سربراہ کرنے کے اقدامات کرنے کلکٹرس پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں دولاکھ ٹن سے زائد یوریا کا ذخیرہ ہے۔بکنگ کے لئے متعارف کرائے گئے ایپ کے ذریعہ 82 ہزار 59 کسانوں نے دولاکھ 1789 یوریا کے بیاگس کو خریدا۔

SITAKKA

کل پرجا بھون میں اضلاع کے مہیلا سمکھیا صدور کا اجلاس منعقد ہوا۔اس اجلاس میں ریاستی وزیر سیتااکا نے شرکت کی۔اس موقع پر ریاستی وزیر نے کہا کہ تلنگانہ میں غربت کے خاتمے کے لئے کیرالہ کی طرز پر ایک علیحدہ منصوبہ بنایا جائے گا۔اس میں خواتین کو بھی شامل کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ دیہاتوں میں سطح غربت سے نیچے زندگی گزارنے والے خاندانوں کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کو مکانات۔روزگار کے مواقع۔اورطبی سہولتوں کی فراہمی کیلئے امداد دی جائے گی۔

SHUKLA

سال 2025 ہندوستان کی ترقی کے سفر میں ایک اہم باب کے طور پر کھڑا ہے۔اس نے پالیسیوں کو ترقی اور ارادے میں بدلتے دیکھا ہے۔اس خصوصی سریز میں ہم۔اصلاحات کے سال میں 2025 میں ثقافتی شعبے میں ہونے والی تبدیلیوں کو پیش کرتے ہیں۔

# Sound byte

JUPPALLY

ریاستی وزیر اکسائز جو پلی کرشنا راو نے محکمہ آبکاری کی امیج کو بہتر بنانے کے لئے کام کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔انہوں نے پروموشن حاصل کرنے والے عہدیداراوں کو نئے جوش اور ذمہ داری کے ساتھ کام کرنے پرزور دیا۔انہوں نے شراب کی غیرقانونی منتقلی اورمنشیات کو ختم کرنے کی ہدایت دی۔محکمہ آبکاری کے نگرانی کے نظام کو مستحکم بناتے ہوئے غیرقانونی گانجے کی منتقلی۔ملاوٹی سندھی کی تیاری۔کوروکنے کے اقدامات کرنے پرزوردیا۔

UNO HINDI

یواین او کے سکریٹری جنرل انتونیو گوتریز نے 2026 کے نئے سال کے پیغام کو پہلی بار ہندی میں جاری کیا۔یہ یواین اومیں زبان کے فروغ کے لئے ہندوستان کی جانب سے کی جانے والی کوششوں میں ایک اہم سنگ میل ہے۔

SECURITY

ریاستی اسمبلی اور قانون ساز کونسل کے اجلاس کے اختتام تک اسمبلی کے اطراف امتناعی احکامات نافذ رہیں گے۔یہ بات حیدرآباد پولیس کمشنر سجنار نے بتائی۔انہوں نے کہا کہ اسمبلی سے چار کلومیٹر کے فاصلے تک کوئی بھی اجلاس اور دھرنے اور جلوس نکالنے کی اجازت نہیں ہوگی۔انہوں نے کہا کہ ان احکامات کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف پولیس ایکٹ کے تحت سخت کاروائی کی جائے گی۔

CHEK POWER

پنچایت فنڈ سے متعلق تمام چیکوں پر سرپنچ اور نائب سرپنچ کی دستخط ہونے کے بعد ہی فنڈس کو جاری کرنے ریاستی حکومت نے ہدایت دی ہے۔اس سلسلے میں حکومت نے احکامات بھی جاری کئے ہیں۔دونوں کی دستخط کا جائزہ لینے کے بعد ہی اس کی منظوری دیتے ہوئے فنڈس کو جاری کرنے عہدیداروں کو ہدایت دی۔

PARTIES

ریاست میں بغیر شناخت والے رجسٹرڈ سیاسی پارٹیوں کو ان کو حاصل ہونے والے عطیات اور انتخابی اخراجات سے متعلق دستاویزات کو مقررہ معیاد کے اندر داخل کرنے ریاستی چیف الکٹورول آفیسر نے ان سیاسی جماعتوں کو ہدایت دی۔ انہوں نے اس سلسلے میں کل احکامات بھی جاری کئے۔

WEAHTER

ریاست میں سردی کی لہر جاری ہے۔محکمہ موسمیات نے کہا کہ آئندہ دو دنوں کے دوران بعض مقامات پر اقل ترین درجہ حرارت معمول سے تین تا چار ڈگری کم ریکارڈ ہونے کے امکانات ہیں۔آصف آباد۔راجنا سرسلہ ضلع میں سب سے کم درجہ حرارت ریکارڈ کیا جا رہا ہے۔

VOTERS

ریاست میں واقع تمام میونسپالٹیز اور کارپوریشن میں دس جنوری تک ووٹرس کی قطعی فہرست کو جاری کرنے ریاستی الیکشن کمیشن نے کل احکامات جاری کئے۔الیکشن کمیشن نے ان شہروں میں متعلقہ کمشنرس کو اس کی ذمہ داری انجام دینے کی ہدایت دی۔جی ایچ ایم سی کے علاوہ مزید چار میونسپالٹیز اور کارپوریشنس کو چھوڑ کر ریاست میں واقع دیگر میونسپالٹیز میں اس سال جنوری میں ہی اس کی معیاد ختم ہوگئی ہے۔جبکہ جی ایچ ایم سی کے لئے آنے والے جنوری اور دیگر کو مئی تک معیاد باقی ہے۔

CRICKET

خواتین کے کرکٹ میں ہندوستان آج کیرالہ کے ترواننتا پورم میں واقع گرین فلیڈ بین الاقوامی اسٹیڈیم میں سری لنکا کے ساتھ آخری ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میاچ کھیلے گا۔یہ میاچ شام سات بجے سے شروع ہوگا۔

COMMISSNORS

گریٹر حیدرآباد کے حدود میں کمشنریٹس کی نئی حد بندی کے بعد چار کمشنریٹس کے پولیس عہدیداروں کو تقرر کیا گیا ہے۔اس سلسلے میں حکومت نے احکامات بھی جاری کئے ہیں۔ ملکاجگیری پولیس کمشنر کے طور پر اویناش مہونتی۔ فیوچر سٹی پولیس کمشنر کے طور پر سدھیر بابو۔سائبرآباد پولیس کمشنر کے طور پر رمیش ریڈی اور یادادری پولیس کمشنر کے طور پر آ کانش یادو۔کا تبادلہ کرتے ہوئے حکومت نے کل احکامات جاری کئے ہیں۔